شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

30 اگست 2023ء

پریس ریلیز

غربت اور افلاس میں ڈوبی ہوئی قوم پر بجلی گرادی گئی۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): غربت اور افلاس میں ڈوبی ہوئی قوم پر بجلی گرادی گئی۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ کسی بھی ریاست کی اوّلین ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ عوام کو بنیادی ضروریاتِ زندگی بہم پہنچائے۔ لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ 76 برس سے ملک کی اشرافیہ عام آدمی کا خون چوس کر اور ہڈیوں کو ریزہ ریزہ کر کے اپنی عیاشیوں کا سامان کر رہی ہے۔ حالت اب یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ بجلی کے ٹیرف میں ظالمانہ اضافہ نے عوام کو زندہ در گور کر دیا ہے۔ خودکشیاں بڑھ گئی ہیں اور لوگ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے لیے گھریلو اشیاء تک فروخت کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ پھر یہ کہ عوام دشمن پالیسیوں کے باعث اس قدر اضطراب اور اشتعال پیدا ہو چکا ہے جو ملک کو بدامنی اور افراتفری کی طرف دھکیل سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دھائیوں پہلے بجلی فراہم کرنے والی پرائیوٹ کمپنیوں سے معاہدے کرتے ہوئے جو بدترین کرپشن کی گئی اُس کا آج پوری قوم خمیازہ بھگت رہی ہے۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ ایسے تمام ریاستی معاہدوں کا شفاف، غیر جانبدارانہ اور منصفانہ آڈٹ کروایا جائے جو مفادِ عامہ کے خلاف ہیں اور اُنہیں ختم کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام الناس کو تو مہنگائی کے بوجھ تلے دبا دیا گیا ہے جبکہ اشرافیہ کی بے پناہ مراعات اب تک جوں کی توں ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ کیے جانے والے معاشی اور سیاسی ظلم و استحصال نے موجودہ نظام کے مکروہ چہرہ کو بے نقاب کر دیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سود، کرپشن اور جاگیر داروں کے مفادات پر مبنی معاشی نظام کو جڑ سے اُکھاڑا جائے اور ملک میں اسلام کے عادلانہ معاشی نظام کو نافذ کیا جائے تاکہ عوام کے بنیادی مسائل کو حل کیا جائے اور پاکستان کے قیام کے حقیقی مقصد کی جانب بھی پیش رفت ہو سکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 30 August 2023

"The already impoverished and destitute masses have been struck by a bolt of 'lightening'."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The already impoverished and destitute masses have been struck by a bolt of 'lightening'. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that it is the primary duty of the state to provide its citizens with the basic necessities of life. However, it is unfortunate that the elite of this country have leeched the blood dry and ground the bones of the layman to finance their luxurious excesses for 76 years. The situation has now reached a point that obnoxious hikes in electricity tariffs have pushed the masses to the verge of annihilation. Suicide rates have increased and people have even had to resort to selling household items in order to pay electricity bills. Added to the fact that anti-public policies have created an air of uncertainty and agitation to such an extent which can lead the country towards unrest and chaos. The fact of the matter is that the entire nation is suffering from the consequences of the tremendous corruption involved in deals struck with Independent Power Producers (IPPs) decades ago. He demanded that all such state contracts which undermine public benefit undergo a transparent, unbiased and just audit, and consequently be terminated. He said that the masses have been buried under the unbearable burden of inflation, while the endless privileges of the elite go completely unaffected. He further said that the economic and political oppression and exploitation of the masses has unmasked the ugly face of the present system. The need of the hour is that the current system which facilitates riba, corruption and landlordism be rooted out completely, and the just economic system of Islam be implemented in the country, so that the fundamental problems of the people may be addressed, and progress be made towards fulfilment of the true purpose of the creation of Pakistan.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Nazim Nashr o Ishaat
Markazi Anjuman Khuddam-ul-Quran Lahore